تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : المباحث الاسلامیہ (سہ ماہی مجلّہ)
۱۵محرم ۱۴۲۴ھ تا ۱۴ ربیع الثانی ۱۴۲۴ھ

بانی ورئیس التحریر : مولانا سید نصیب علی شاہ الہاشمی

ضخامت: 136 صفحات' قیمت: 50 روپے' سالانہ چندہ: 200 روپے

ملنے کا پتہ: جامعۃ المرکز الاسلامی پاکستان' ڈیرہ روڈ' بنوں

یہ اپنی نوعیت کا منفرد جریدہ ہے جس کا یہ پہلا شمارہ ہے۔ اغراض ومقاصد کے اعتبار سے یہ اہم اور جدید مسائل پر مشتمل علمی تحقیق اور فکر اسلامی کا ترجمان رسالہ ہے۔ اس کی انتظامیہ بلند پایہ مذہبی سکالرز کو جدید اور اہم مسائل پر مقالات لکھنے کی دعوت دیتی ہے جس کے لئے فقہی کانفرنسیں منعقد کی جاتی ہیں جن میں ملک بھر سے کثیر تعداد میں مندوبین شرکت کرتے اور مختلف فقہی موضوعات پر گراں قدر مقالات پیش کرتے ہیں۔ اس طرح ایک بیش قیمت ذخیرہ جمع ہو جائے گا جو حال اور مستقبل کے علمائے کرام کے لئے روشنی کا مینار ثابت ہوگا۔

ہر شخص جانتا ہے کہ اس دور میں سائنسی ترقی عروج پر ہے اور ہر دم نئے نئے مسائل اور نئی نئی صورتِ حال سے سابقہ پڑتا ہے۔ اب ہر شخص میں تو اتنی استعداد نہیں کہ وہ خود قرآن و سنت کی روشنی میں جدید مسائل کا فیصلہ کر سکے' اس کے لئے تو بہرحال راسخون فی العلم افراد کی ضرورت ہے۔ اس مجلّے میں اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ممتاز علمائے دین کی توجہ اس طرف دلائی گئی ہے کہ وہ جدید مسائل پر گہرے غور وفکر کے بعد عمل کی راہ متعین کریں' تاکہ عوام الناس کو راہ نمائی میسر آ سکے۔

مدیر مجلّہ کے مطابق اس رسالے کے ذریعے ملک و بیرونِ ملک اہل علم کی تحقیقات منظر عام پر آ سکیں گی جو جدید اہل تحقیق کے لئے حوصلہ افزائی کا باعث ہوں گی۔ زیر تبصرہ شمارہ دس